چھو منتر
باوا دیال
چھو بابا

مہینے کا آخری جمعہ ہو ایک کنواری لڑکی کو اس دن ٹھیک بارہ بجے دوپہر کے تنہا جنگل میں لے جاؤ اور کوئی شخص سوائے جو نقش حاصل کرنا چاہتا ہے اس جگہ موجود نہ ہو۔ وہ کنواری لڑکی نئی قلم سے اس نقش کو زعفران کی سیاہی سے لکھے بعد لکھنے کے اس نقش کو لکھے مگر یہ نقش کاغذ پر ہرگز نہ لکھا جائے۔ بلکہ ہرن کی جھلی پر لکھنا لازمی ہے ورنہ اثر نہ ہوگا۔ تحریر کرنے کے بعد اسی جگہ اس کو لوبان کی دھونی دے کر سوم جامہ کرلو پھر وہ لڑکی سات مرتبہ ذیل کے فقرے کو پکارے۔

اے جنوں کے بادشاہ پرلوک کے وشنی تیرے عمل کو تیرے حکم کے مطابق میں نے نقل کیا ہے تجھ کو لازم ہے کہ اپنے قول کو پورا کرے۔

اس کے بعد وہ لڑکی گھر کی طرف چل پڑے راستہ میں پلٹ کر نہ دیکھے بعد ازاں اپنے مکان پر آکر اس نقش کو چاندی یا سونے کی دھات میں منڈھوا کر اپنی ٹوپی یا پگڑی میں اس کو حفاظت سے رکھے اور برابر سات جمعہ تک دس مسافروں کو روزانہ کھانا کھلائیں۔ اس کے بعد وہ نقش اپنی تاثیر دکھائے گا جس شخص کو بس میں کرنے کے لیے تم اپنی محبت کا اظہار کرو گے۔ وہ تمہارا غلام ہو جائے گا۔

اس نقش کو اپنے پاس رکھنے سے رعیہ حاکم افسر آپ پر مہربان رہیں گے اور جانی دشمن بھی آپ کا دوست وفرمانبردار بن جائے گا۔ جس وقت یہ نقش نہ ہوگا۔ تو اس کا اثر بالکل نہ ہو سکے گا۔

۸۷۶

جبرائیل

ماروت	۱	۲	۵	۱	۳	۲۰	حاروت
	۷	۷	۷	۸	۱۱	۵	
یامیکائیل	۵	۹	۹	۵	۳۰	۱۰	یااسرائیل
	۳	۸	۲	۳	۸	۳	
بیروت	۲۰	۳۰	۷۰	۵	۹۰	۷۰	بیروت

۵۵

اتوار کے دن کتیا کا دودھ لا کر چینی لے کر پیالہ میں ڈال دیں اور اس میں ساٹھی کے چاول بھگو دیں۔ جس وقت وہ دودھ جذب ہو جائے پھر ان چاولوں کو خون حیض کے کپڑا جو کہ عورتیں ماہواری خون آنے کے وقت رکھا کرتی ہیں۔ وہ خون آلودہ کپڑا لے کر اس پر چاول ڈال دیں پر اس کو لپیٹ کر کہیں چھپا کر رکھ دیں۔ جب وہ دانے خشک ہو جائیں۔ ان کو نکال کر رکھ چھوڑیں۔ جو شخص بہت مغرور اور اپنے عاشق کو خیال میں نہ لاتی ہو۔ اسے یا کسی اور کو ایک دو چاول مٹھائی میں ملا کر کھلا دیں۔ تو محبت میں بے قرار ہو کر عاشق زار ہو جائے گا۔

دشمن کو تکلیف میں مبتلا کرنا

سحر زدہ کرنا

اگر کسی آدمی کو چھوٹی بندر کا خون کھانے میں ملا کر دیا جائے تو اس کا بدن کانپنے لگے گا اور نیند آنے لگے گی اور سحر زدہ معلوم ہوگا۔

آدمی کو احمق و بیوقوف بنانا

اگر کسی کو الو کا گوشت پکا کر کھلا دیا جائے تو اسے خیالات وسوسے پیدا ہو جاتا ہے اور ریاح بہت پیدا ہوتی ہے آدمی کل کاموں میں احمق اور بیوقوف ہو جاتا ہے اور جنون کا عارضہ لاحق ہو جاتا ہے۔ اکثر بدمعاش

عورتیں اپنے مردوں کو جن پر وہ قابو حاصل کرنا چاہیں الو کا گوشت کھلا دیتی ہیں ان کو تو اسے مدد کرنے میں ... پیدا ہو جاتا ہے اور وہ اپنی بیویوں کے تابع ہو جاتے ہیں۔

آدمی کو پاگل بنانا

مستی کے وقت جو جھاگ اونٹ کے منہ سے پیدا ہوتی ہے وہ اگر کسی کو کھلا دی جائے تو اسے جنون کا عارضہ پیدا ہو جاتا ہے۔

دشمن کے پھوڑے پھنسی نکلنا

اگر بچھو کو مار کر پانی میں ڈال دیا جائے اور اس کو بدستور رہنے دیا جائے حتی کہ بچھو بالکل گل جائے اب اس پانی کو جو آدمی پیے گا اس کے بدن پر پھوڑے پھنسیاں نمودار ہوں گے۔

آدمی کو گونگا بنا دینا

اگر کسی شخص کو بندر کا تازہ گرم خون پلا دیا جائے تو وہ گونگا ہو جائے گا بندر کا پتہ پلانے سے بھی یہی اثر ہوتا ہے بعض نے لکھا ہے کہ اونٹ کے پتے میں بھی یہی خاصیت ہے۔

بیٹھا بیٹھا آدمی تڑپنے لگے

اگر کونچ کی پھلی کا رواں کسی آدمی کے اوپر ڈالیں تو اسے درد اور خارش شروع ہو جائے گی اور عجیب طرح کی حرکات کرے گا اور بہت بے قرار ہو جائے گا اس کا علاج کرنے کے لیے تیل وغیرہ نہ لگائیں کیونکہ اس سے درد میں شدت ہوگی بلکہ گوبر ملا کر پانی سے دھوئیں۔

آدمی دن رات ڈرنے لگے

ابن زہیر لکھتا ہے کہ نسناس (جو ایک حیوان ہے اور مصر میں ہوتا ہے) کا گوشت گھول کر پانی میں کسی آدمی کو پلا دیں تو رات دن ڈرنے لگے اور یہ دیکھے کہ شیاطین مجھ کو پکڑتے ہیں اگر چاہے کہ آرام آ جائے تو نسناس کے بال اور آنکھیں جلا کر نیم گرم پانی میں ملا کر پلائیں آرام ہو جائے گا۔

اندھا کرنا

زیتون کا روغن، سنبل، زردی کا روغن دونوں آپس میں ملا کر جس کسی کے پپوٹوں پر ملو گے وہ آنکھ ...

... شہد سے پپوٹوں کو نہ دھویا جائے ... گھول کے ... گوشت پانی میں گھل جائے تو پھر یہ پانی جس کے چہرے پر ملو گے اندھا ہو جائے گا جب صحت میں لانا چاہو تو سونف کے پانی سے دھوا دو۔

جوئیں پڑ جائیں

صابن کا ... پاک کر کے اس میں مسور کا آٹا بھر دو پھر اسے گلنے سڑنے دو بعد ازاں خشک کر کے پیس لو یہ سفوف جس کے کپڑوں پر ڈالو گے اتنی جوئیں پڑ جائیں گی کہ ان کا علاج مشکل ہو جائے گا یہ جوئیں زندگی بھر اس کا پیچھا نہ چھوڑیں گی۔

دشمن کا گھر ویران کرنا

اگر دشمن کے گھر ہد ہد کا گوشت جلا دیا جائے تو وہ گھر ویران ہو جائے گا۔

دشمن کو بیمار کرنا

روشنی پچھتر بروز اتوار شمشانوں میں جا کر کسی مردے کی ہڈی اٹھا لائیں جس دشمن کے گھر یہ گاڑ دی جائے گی وہ بیمار ہو جائے گا۔

دیگر:
گیدڑ کی دم و آنکھ اور کوے کی چونچ کو گول میں ملا کر جس دشمن کے گھر یا بستر پر رکھی جائے وہ بیمار ہو جائے۔

دشمن کو بعارضہ سودا مبتلا کرنا

بروز اتوار ... پچھتر کا دوسرا ... اقسام یار ... آک کی جڑ لا کر اس میں فلفل دراز رگ ... ملا کر گولی باندھیں اس کی دھونی جس کسی کو دیں گے بعارضہ سودا مبتلا ہو لیکن خود بچنا چاہیے۔

دشمن حیران و پریشان ہو

پچھتر میں الو کو ذبح کر کے اس کا خون حاصل کریں اور اس کے بازوؤں کی راکھ بنا کر اس کے خون میں ملا کر گولی بنائیں جس کے گھر وہ گولی پھینک دی جائے گی وہ حیران و پریشان ہوگا۔

تمام چیزوں کا علم جاننا

سورج نکلنے سے پہلے بچھو مرد کا گوشت بھون کر کھانے سے تمام چیزوں کا علم آجاتا ہے۔

بارش آنے کی پہچان

اگر کالی اور موٹی چیونٹیاں لوگوں کو اپنے پاس آہستہ آہستہ چلتی پھرتی ملیں تو سمجھیں کہ بارش نزدیک ہے اگر سرخ اور باریک چیونٹیاں دوڑتی پھریں تو سمجھ لیں لینا چاہیے کہ بارش دور ہے۔

غائب کی چیزیں دیکھنا

اگر سیاہ بلی کا کاجل سفید خاکی مرغی کی چربی میں ملا کر آدمی اپنی آنکھوں میں لگائے تو اسے غائب چیزیں نظر آئیں۔

مردہ روحوں سے ملاقات کرنا

جو کوئی ایسا کرنا چاہے اسے چاہیے کہ سب سے پہلے اپنے بدن کو پاک و صاف کرے اور رات کو سوتے وقت کیوڑا اور عود کی دھونی اپنے بستر کو دے اور اپنے پاس سونا مکھی رکھ کر سو جائے رات کو خواب میں روحیں آئیں گی اس سے بات چیت کریں گی اور وہ ان کی بات چیت بخوبی سن سکے گا۔

دفینہ دیکھنا

اگر چاند کی پہلی تاریخ اتوار کو واقع ہو تو مالکنگنی کا روغن نکال کر اس کا کاجل بنا کر آنکھ میں لگائے مال مدفون ظاہر ہو جائے گا۔

غائب معلوم کرنا

اگر کوئی شخص چاہے کہ وہ اپنی عمر کے آئندہ واقعات معلوم کرے تو ہدہد کا دل چاب کر اپنے سرہانے کے تلے رکھ لے اس کو خواب میں وہ سب چیزیں نظر آجائیں گی جو اس کی عمر میں واقع ہونے والی ہیں۔

عام جلسوں میں ہپناٹزم کرنے کا طریق

قرص مقناطیسی کا استعمال:
ایک دو آدمیوں کو پرائیویٹ یعنی تخلیے میں عمل کرنے کی ترکیب ہم آگے چل کر لکھیں گے لیکن عام جلسوں اور بہت سے اشخاص کے روبرو ہپناٹزم کا عمل کامیابی کے ساتھ قرص مقناطیسی کے ذریعے سے کیا جا سکتا ہے۔

یہ قرص روپے کے برابر ہوتے ہیں لیکن کسی قدر دبیز زیادہ ہوتے ہیں۔ ان میں جست۔ پارہ وغیرہ دھاتیں ہوتی ہیں اور وسط میں ایک تانبے کی کیل ہوتی ہے۔ ان میں ایک خاص قسم کا مقناطیسی اثر ہوتا ہے جو فوراً 80 فی صدی انسانوں کو خواب میں کر سکتا ہے۔

طریقہ ابتدائی یہ ہے کہ جس جلسے میں ایسا کرنا منظور ہو تو اول اس علم کے فوائد و تجربات کی نسبت ایک دلچسپ مختصری تقریر کرو اور مستند اشخاص کے حوالے دو اور اپنی تقریر اور رویہ سے سب پر ظاہر کر دو کہ در حقیقت تم جو کچھ کہتے ہو وہ علم الیقین سے کہتے ہو۔ اس طرح تمہارے سامعین ذہنی طور پر مسمرائزر ہو جائیں گے۔

پھر جلسے میں چند آدمیوں سے کہو کہ آپ میں سے جو لوگ تجربہ کرنا چاہیں اٹھ

آئینہ پر بے جان پتھر کو متحرک کرنے کا منتر

مشق:

ایک بڑا سا آئینہ لیجئے جو تقریباً دو فٹ چوڑا اور تین فٹ لمبا ہو اور اس کے چاروں طرف چوکٹ لگا ہو۔ آئینہ کے سطح کے بیچوں بیچ ایک پتھر یا شیشہ کی گولی رکھیے کر معمول کو کہو کہ دونوں ہاتھوں سے آئینہ کو پکڑے اس طرح پکڑے کہ اس کی پشت زمین کی طرف ہو اور رخ آسمان کی جانب اور پوری توجہ کو گولی پر یک سو کرے آئینہ ہلنے جلنے نہ پائے ایک ہی جگہ قائم رہے کسی طرف کو جھکے اب آپ اس شخص کے سامنے جائیں۔

اور اس گول یا پتھر پر اپنی مقناطیسی نظر مضبوطی سے جما کر نہایت زور کے ساتھ یہ تجویز کیجئے کہ میں جدھر چاہوں گولی کو چلا سکتا ہوں۔ آپ اپنی ایک انگلی یا گولی یا پتھر کے ایک انچ قریب لے جائیں جس کا سرا گولی کی طرف رہے مگر ایسا کرنے سے قبل آپ کو چاہیے کہ اس پر کچھ ہاتھ پھیرنے کا عمل کر لیں اب معمول کو یہ کہیے کہ آئینہ کو اپنی کمر میں لگائے ہوئے پکڑے رہے اور اس پتھر کی حرکت پر غور کرتا رہے کسی قسم کی حرکت نہ کرے صرف اس کی حرکات پر ہی نظر رکھے آپ دیکھیں گے کہ جدھر جدھر آپ کی انگلی جائے گی اسی طرف وہ پتھر یا گولی بھی حرکت کرے گی اس کے بعد اس سے کہیے کہ میں یہیں تک کھینچ سکوں گا جس سے یہ گولی خود بخود میری مرضی کے مطابق حرکت کرے گی۔

جس طرح ایک لوہے کا ٹکڑا مقناطیس کے ساتھ کھنچتا ہوا چلا جاتا ہے۔ آپ دیکھیں گے کہ جدھر جدھر آپ کی انگلی جائے گی اسی طرف وہ پتھر یا گولی بھی حرکت کرے گی جس سے آپ کا معمول اور سارے ناظرین انگشت بدنداں ہو کر رہ جائیں گے آپ لوگوں کو یہ بتا سکتے ہیں اس تماشہ میں آپ نے قوت ارادی سے کام لے کر آپ کی انگلی اور پتھر کے درمیان قوت کشش کا اظہار کیا ہے اور اس میں کوئی خاص بات نہیں۔

اس کے بعد آپ ہاتھوں کو چند مرتبہ مقناطیسی زائل کرنے کے لئے پھیریں اور پھر پتھر کی طرف انگلی لے جائیں آپ اور آپ کے تماشبین حضرات کو دیکھ کر بڑی حیرت ہوگی جس سے معلوم ہوگا کہ وہ آپ کی انگلی دیکھنے سے ڈرتا ہے۔

ان مشقوں میں علم روحانی کا ایک اصول کام کرتا ہے اور وہ یہ کہ معمول کی توجہ یک سو ہو جانے سے اس پر عالم بیداری ہی میں مصنوعی بے ہوشی طاری ہو جاتی ہے اور ماتحت باخبری کی طاقتوں سے عامل کو اپنے عملوں میں مدد ملتی ہے۔ اس ماتحت باخبری کے عالم بیداری کے حالت میں معمول آپ کی تجویز یعنی آپ کے حکم کی خلاف ورزی نہیں کر سکتا وہ آپ کے اشاروں پر چلنے کے لئے مجبور ہو جاتا ہے۔ حالانکہ بظاہر وہ بیدار معلوم ہوتا ہے اس حالت میں وہ معمول ہمیشہ وہی کرے گا جو آپ اس سے کرانا چاہیں گے ایک انچ ادھر سے اُدھر نہیں ہٹ سکتا۔

ان مشقوں میں آپ کو چند روز تک متواتر مزاولت کرنے سے کمال حاصل ہو سکتا ہے آپ چاہے جتنے آدمیوں پر اس کی آزمائش کریں کامیابی یقینی ہوگی۔ بعضوں کو تو آپ فوراً زیر اثر لے آئیں گے اور بعضوں کو اپنی قوت ارادی سے مرعوب کرنے میں کچھ مدت صرف ہوں گے لیکن یقین رکھیے کہ جلد ہی آپ کو ہر حالت میں ضرور بالضرور کامیابی حاصل ہوگی شکست ہوتی نہیں سکتی مگر شرط یہ ہے کہ معمول خود ان اسرار سے ناواقف اور وہ آپ کی تجویزوں کی برخلاف مخالف تجویزوں سے کام نہ لیتا ہو۔ غرض محال کسی مخالف سے سابقہ پڑ بھی جائے۔

دو ڈنڈوں کے درمیان مقناطیسی ہزیمت

دس فٹ لمبا ایک بانس لیجئے جس کا قطر ایک انچ ہو اس کے لمبان کے
چار ٹکڑے کیجئے جس سے دس دس فٹ کے لمبے چار بانس کے ٹکڑے نکل آئیں گے اس
میں سے دو بانس لے کر روحانی عمل کیجئے ایک بانس (الف۔ف) ہے اور دوسرا بانس
(ج۔د) ہے معمول یا اپنے تماشبیوں میں سے کوئی دو آدمی لے کر ان سے کہے کہ ایک
دوسرے کی طرف منہ کر کے دس فٹ کے فاصلے پر کھڑے ہوں ایک معمول کے بائیں
ہاتھ کی انگلیوں میں ایک بانس کا سرا (الف) اور دائیں ہاتھ میں دوسرا بانس (ج) دے
دیجئے۔ سرا (الف) کمر کی بائیں جانب لگا کر رکھیے اس کے سروں کو مضبوطی سے پکڑنے
کی ہدایت دیجئے اسی طرح دوسرے آدمی کے دائیں میں ایک بانس کا سرا (ف) اور
بائیں ہاتھ میں دوسرے بانس کا سرا (د) دے دیجئے جس کو وہ مضبوطی سے پکڑے رہیں۔
اور یہ سرے کمر کی دونوں جانب چھوتے رہیں اسی طرح آپ نے دو انسانی
مقناطیسی بیڑیوں کے حلقہ کو دو متوازی ڈنڈوں سے بند کر دیا ہے اب آپ ان ڈنڈوں
سے دائیں یا بائیں جانب دو فٹ کے فاصلے پر کھڑے ہوں اور اپنے دائیں ہاتھ کی انگلی
سے ان متوازی ڈنڈوں کے بیچوں بیچ اشارہ کریں۔ دونوں کے مرکز کی طرف نگاہ جمائیے
اور باخبری کے ساتھ اپنی قوت ارادی کو متحرک کر کے یہ حکم دیجئے کہ دونوں ڈنڈے ایک
دوسرے کو پسپا کریں۔ یعنی بیچ میں جھکیں اور باہر محراب کی طرف کھچیں نگاہ جما کر آپ

بلند آواز سے جس کو سب سن سکیں حسب ذیل حکم دیں۔
ابھی ابھی آپ دیکھیں گے کہ یہ دونوں ڈنڈے ایک دوسرے سے کھینچ کر رفتہ
رفتہ بہت دور ہو جائیں گے اور یہ عمل سیکنڈوں میں آ جائے گا۔
آپ کے اتنا کہنے پر یہ ڈنڈے فوراً آپ کے حکم کے مطابق کھنچنا شروع
ہو جائیں گے معمول کو ہدایت کر دو کہ مرکز پر ڈنڈوں کی جو حرکت شروع ہو اس کو روکے
نہیں۔ بلکہ وہ بالکل خاموش اور بے حرکت استادہ رہیں اور ڈنڈوں کی حرکت دیکھا کریں
دور سے نظر جمائے اور پاس یعنی ہاتھ پھیرنے کا عمل کریں ڈنڈے فوراً آپ کے حکم
مطابق حرکت کریں گے اور اگر آپ کے معمول کافی ذی الحس ہیں تو ان کو فوراً اپنے
ہاتھوں اور انگلیوں سے ڈنڈوں کے مرکزی جانب مقناطیسی لہر دوڑتی ہوئی معلوم ہوگی
جب ڈنڈے کھینچ کر دور ہو جائیں گے تو معمول کو معلوم ہوگا کہ مرکز کی جانب خود بخود
کھنچے آ رہے ہیں اس کا خیال رکھیے کہ معمول کو حکم حاکمانہ لہجے میں دینا چاہیے مثلاً۔
حضرات! آپ دیکھنے میں پندرہ تک گنتی گنتا ہوں آپ دیکھیں گے کہ گنتی گنتے
ہی یہ دونوں غیر ذی روح ڈنڈے میرے حکم حسب الحکم حرکت کرنے لگیں گے گویا کہ ان
میں جان موجود ہے اب ان کے مرکز پر غور سے دیکھیے۔
اتنا کہہ کر آپ ہمیشہ اپنی نظر ڈنڈوں کے مرکز پر رکھیے۔ میں نہ یہی عمل کامیابی
کی گئی ہے اس مشق اور آئندہ دوسری مشقوں میں اگر بانس دستیاب نہ ہو تو آپ ایسی بید
کی چھڑیوں سے بھی کام لے سکتے ہیں جن کا قطر 3/8 انچ ہو اور لمبائی 10 فٹ ہو یا دو لو
ہے کی چھڑیوں سے کام نکل سکتا ہے جن کا قطر 1/4 انچ یا اس سے کچھ کم ہو لمبائی ان کی
بھی 10 فٹ ہو۔ ان مشقوں کا عمل کئی کئی آدمیوں پر کیجئے اور ان نتائج پر دھیان دیتے
رہیں متواتر مشق سے آپ کاملیت کے ساتھ کامیاب ہونے کا راز معلوم ہو جائے گا اور
اس طرح آپ اپنے کام سے حاضرین کو متحیر و ششدر بنا سکیں گے۔

منتر حب

نوچندی جمعرات کو سورج نکلتے ہی دریا کے کنارے کھڑے ہو کر اور منہ
کی طرف کرکے ۷۰۰ مرتبہ پڑھو۔ اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف مطلوب کا تصور
تھوڑا ایسا ہے گویا سامنے کھڑا ہے۔ سات دن ایسا ہی کرکے بحکم خدا مقصد حاصل ہو
پرہیز لہسن، پیاز، گوشت سے حرام کے واسطے نہ کریں منتر یہ ہے۔

دل کبوتر ہو رہا ہے گھیرا پڑا یسین کا
میرا جن میل دے صدقہ محی الدین کا
یا کریم کرم کر یا رحیم رحم کر
سخت دل کو نرم کر یا غوث الاعظم دستگیر
میری فریاد، میری فریاد، میری فریاد

حب کے لئے نادر چٹکلہ

باہمی جائز محبت کے لئے ذیل کا عمل نہایت مجرب ہے اور میرا کئی مرتبہ
آزمایا ہوا ہے انشاءاللہ تعالیٰ تیر کی طرح کام کرے گا۔ جو صاحب کریں گے انشاء اللہ
تعالیٰ یقیناً کامیاب ہوں گے ۴۱ دانے سرسوں کے احتیاط سے گن کر ایک کاغذ پر رکھ
اور پھر اکتالیس مرتبہ ذیل کی آیت شریف پڑھ کر اس سرسوں پر دم کریں اور سرسوں
مطلوب کے گھر میں ڈال دیں جس کو مسخر کرنا مطلوب ہے انشاءاللہ تعالیٰ ایک ہفتہ
کامیابی ہوگی مگر اصل میعاد اکتالیس دن کی ہے۔

سرسوں روز پڑھی جائے گی، اور روزانہ ڈالی جائے گی مگر یہ یاد رکھیں کہ
محبت میں کامیابی ہوگی یعنی میاں بیوی میں ناچاقی ہے بھائی بھائی میں رنجش ہے

ہیں کوئی جھگڑا غرضیکہ ہر جائز کام میں اس کو کریں۔

آیت شریف یہ ہے:۔
یا معشر الجن والانس ان استطعتم ان تنفذوا من اقطار السموٰت
والارض فانفذوا لا تنفذون الا بسلطان یہ عمل عروج ماہ میں شروع کریں۔

اسم ذات

بعض اصحاب اسم ذات کی تلاش میں ہیں۔ ان اصحاب کو معلوم ہو کہ اسم
ذات اللہ ہی ہے اس کے علاوہ تمام اسماء صفاتی ہیں اسم ذات اللہ ہی ہے اس پر چند دلیلیں
پیش کر چکا ہوں۔

دلیل اول:۔
بزرگان دین نے جس قدر اسم ذات تحقیق کئے ہیں ان میں کوئی بھی آیت یا
اسم اللہ سے خالی نہیں ہے۔ کوئی آیت یا عبارت اسم ذات کی ہو اس میں اللہ
ضرور شامل ہوگا یہاں تک کہ اسمائے حسنہ میں بھی اسم اللہ ضرور شامل ہوگا اور
ایک بہت بڑی اور ٹوٹنے والی دلیل یہ ہے کہ اسم اللہ بہرحال اللہ ہی رہتا ہے
دیکھو اسم اللہ ہی رہتا ہے دیکھو اسم اللہ میں چار حروف ہیں (ا۔ل۔ل۔ہ)
قرآن پاک میں ہے۔ للہ ما فی السموٰت والارض اب دوسرا حرف
لام گرا دو تو لہ رہ گیا (ل۔ہ) یہ بھی خدا کا نام ہے لہٗ ما فی السموٰت
والارض۔ اب دوسرا لام بھی گرا دو صرف ہ باقی رہ گئی اور یہ بھی خدا ہی کا
نام ہے لا الہ ھو اللہ ہر حال میں اللہ ہی رہتا ہے اور یہ اسم ذات پر کامل دلیل
ہے اور کسی اسم میں یہ شان نہیں ہے کہ ہر تبدیلی میں انکی ذات میں فرق نہ
آئے آپ کو اسمائے الٰہیہ میں سے لیں اس کے حرف یا حروف گرا دیے

سے وہ اسم بے معنی ہوجائے گا۔ اللہ کی صفت کامل یہی ہے کہ ہر حال اور تغیر وتبدل میں اللہ ہی رہے ہمارا ایمان ہے کہ خدا کی ذات پاک تغیر وتبدل، نقصان سے پاک ہے۔ اعتراض نہیں ہے۔ اپنی اپنی زبان میں اللہ کا نام ہے مگر یہ خصوصیت صرف عربی کے نام اللہ ہی میں ہے۔ کہ حرف گرا دینے کے بعد بھی اس کی معنوی حیثیت قائم رہتی ہے دوسری زبان میں یہ خوبی باقی نہیں رہتی ہے مثلاً ہندی زبان میں خدا کا نام ایشور، بھگوان ہے۔ اگر ان میں حرف الف اور حرف بے گرا دیا جائے تو باقی شو اور بھگران رہیگا جو بے معنی ہے اور کوئی اسے نہیں بولتا۔ انگریزی میں خدا کا نام گاڈ ہے اگر اس کا اول حرف اٹھا لیا جائے تو اڈ رہ گیا جو بے معنے ہے مگر اللہ تعالیٰ میں ہر حال میں با معنے جملہ رہتا ہے۔ اللہ، للہ، لہٗ، ہو یہ سب بامعنے اور اسم ذات پر مطبق ہیں اللہ باقی کے یہ معنے ہیں۔ کہ ہر حال میں اللہ ہی باقی رہے گا۔ وہ من اسرار الباطنہ۔

ایک عجیب عمل

لوہا تو اب بھی موجود ہے مگر دوست داود نہیں جو موم بنا سکے خدا کا پاک کلام اب بھی ہے مگر حضرت آصف کی زبان نہیں ہے کہ پلک مارتے بلکہ بلقیس کو معہ تخت کے ہزاروں کوس سے لے آئے۔ دریا اب بھی شق ہو سکتے ہیں مگر عصائے موسیٰ کی ضرورت ہے۔ مردے اب بھی زندہ ہو سکتے ہیں مگر اعجاز لب مسیح ناپید ہے۔ دنیا کے ہر گوشہ میں کتوں (سگ) کی کمی نہیں مگر سگ اصحاب کہف کوئی نہیں۔ غرض کہ سب کچھ ہے اور کچھ نہیں ہے۔ تیشہ بھی ہے پہاڑ بھی ہیں مگر بازوئے فرہاد نہیں ہے ایک بزرگ سے ایک عمل حاصل ہوا تھا۔ اس زمانے میں اس عمل کے کرنے والوں نے فائدہ پایا میں یہ تو نہیں کہہ سکتا کہ اس سے آسمان سے روپے کی بارش ہونے لگے گی یا کوئی خزانہ ہوتھ

زوج زوج الفرد اور فرد الفرد، زوج الزوج ان کو کہتے ہیں کہ جو ٹکڑے کرنے میں آخر تک زوج ہی رہتے ہیں مثلاً ۸ کا عدد اسکو نصف کیا تو چار چار کو نصف کیا تو دو۔ زوج الفرد اسے کہتے ہیں کہ ابتدا میں تو زوج ہو مگر ٹکڑے کرنے میں فرد ہو جائے جیسے ۲۰ اس کا نصف ۱۰ اور اس کا نصف پانچ فرد الفرد اسے کہتے ہیں۔ کہ جو ابتداء ہی سے فرد ہو جیسے ۹ یہاں علمائے عملیات کے دو مذہب ہیں ایک گروہ کا قول ہے کہ جنس کو جنس سے محبت ہے یعنی چار کو چار سے اور تین کو تین سے اور اپنے غیر جنس سے عداوت ہے یعنی تین کو چار سے دوسرے کی تحقیق یہ ہے کہ حروف زوج الزوج میں فطرتی محبت ہے اور میں اسی قول کو زیادہ معتبر مانتا ہوں اور تجربہ سے یہ بہت با اثر پایا۔ اب معلوم ہوا کہ حروف زوج الزوج صرف تین ہیں ب، د، ح اور اس وقت ان ہی کا بیان کرتا ہوں باقی اقسام پھر بیان کروں گا ان تینوں حرفوں کے اعداد چودہ ہیں۔ حروف اپنے بطن میں روح محبت پوشیدہ کئے ہوئے ہیں اور ان حروف میں ایک مقناطیسی قوت ہے اور جذبہ قلب کا خاص اثر ہے یہ تین حراف خزانہ محبت کی کنجیاں ہیں جائز محبت کے واسطے اس سے کام لو آپ کا کوئی عزیز ناراض ہے کوئی دوست غصہ میں ہے میاں بی بی میں ناچاقی ہے تو بحکم خدا اس عمل سے بہت فائدہ ہوگا محبت ملتا ہے مگر ناممکن نہیں اس زمانے میں ناممکن اس لئے کہا جاتا ہے کہ لوگ محنت کرنے سے جی چراتے ہیں اور عام طریق پر ایسا عمل چاہتے ہیں کہ کوئی محنت نہ کرنا پڑے اور دو تین دن میں خاص اثر ہو جائے ہاں ایسا بھی ممکن ہے مگر جب عامل بن جائیں ترکیب یہ ہے کہ زعفران کی سیاہی بنائے اور نیا قلم کسی لکڑی کا بنائے لوہے کا قلم نہ ہو اور روزانہ ایک سو پانچ نقش لکھ کر اور اکی گولیاں بنا کر اور آٹے میں لپیٹ کر ایسے پانی میں ڈال دیں جس میں مچھلیاں ہوں اگر ایسا پانی قریب نہیں ہے تو زمین میں دفن کر دیا کریں۔ روزانہ لکھے ہوئے نقش روزانہ ہی پانی ڈالنے یا دفن کرنے کی ضرورت نہیں ہے بلکہ کئی دن کے جمع کر کے بھی ڈال سکتے ہیں نقش شروع کرنے کی کوئی تاریخ یا دن مقرر نہیں ہے نہ روزانہ لکھنے کے واسطے کسی خاص

وقت کی قید ہے دن رات میں کسی وقت لکھ لیا کریں۔ مگر ناغہ نہ ہو اگر ناغہ ہوگا تو پھر سرے سے لکھنے ہوں گے چودہ دن تک روزانہ ایک سو پانچ (۱۰۵) نقش لکھنے ہیں یہ عمل اس کی زکوۃ ہے نقش یہ ہے۔ جو صاحب زکوۃ ادا کریں گے۔ وہ اس نقش کے عامل ہوں گے اب جو شخص ناراض ہو کر ایک نقش لکھ کر نقش کے نیچے اس کا نام مع والدہ کے لکھ کر کسی وزنی چیز سے دبا دیں جیسے بھاری پتھر یا لوہے کی کوئی بھاری شے خدا چاہے تو تین دن میں وہ شخص راضی ہو جائے گا اور محبت کرے گا۔ یہ عمل محبت کے واسطے اکسیر ہے۔

۷۸۶

۲۱	۱۳	۱۹
۱۶	۱۸	۲۰
۱۷	۲۳	۱۵

عمل خاص

کوئی شخص مدت دراز سے لاپتہ ہے اس کے مرنے جینے کی کوئی اطلاع نہیں ہے ایسے گم گشتہ کے واسطے یہ عمل کام نہیں دیتا لیکن خدا کے پاک کلام میں بہت اثر ہے ممکن ہے کہ مدت دراز کے لاپتہ پر اثر ہو جائے مگر جو شخص حال ہی میں بھاگا ہے عورت ہو مرد ہو یا ملازم ہو یا کوئی بچہ گم ہو گیا ہے تو یہ نقش بہت اثر کرتا ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بھاگا ہوا یا گم شدہ واپس آئے گا۔ یہ نقش بہت مجرب ثابت ہوا ہے اور اکثر کامیابی ہوئی ہے۔ اس نقش کو اسی طرح لکھ کر اور درمیان میں مفرور یا گم شدہ کا نام لکھ کر نام مع والدہ کے لکھیں اگر ماں کا نام معلوم نہ ہو تو صرف اسی کا نام لکھیں اور اس نقش کو کسی اونچے درخت پر سب سے اونچی شاخ میں باندھ دیں باندھنے کی ترکیب یہ ہے کہ نقش کے کنارے میں دھاگا باندھ کر وہ دھاگہ ٹہنی سے باندھ دیں تا کہ نقش ہوا میں اڑتا رہے خدا چاہے تو وہ

چاہتے ہیں وہاں کی رکاوٹ دور ہوگی۔

۷۸۶

۷۷۵	۷۷۸	۷۸۱	۷۸۷
۷۸۰	۸۶۸	۷۷۳	۷۷۹
۷۶۹	۷۸۳	۷۷۶	۷۷۳
۷۷۷	۷۷۲	۷۷۰	۷۸۲

فقیری

حضرت علی علیہ السلام نے اپنے زمانہ خلافت میں حضرت سلیمان فارسیؓ کو مدائن کا گورنر بنا کر روانہ کیا آپ ایک جانماز بغل میں دبائے ہوئے مدائن میں آئے اور مسجد میں جا کر بیٹھ گئے جب لوگوں نے دیکھا کہ ہمارا گورنر تو بالکل بدھو ہے تو بدمعاشوں نے سر اٹھایا سب سے پہلے اہل شہر نے آکر شکایت کی کہ آپ کو حلیم الطبع بے وقوف جان کر غلہ کے بیوپاریوں نے اودھم مچا رکھی ہے۔ اجناس کی قیمت بڑھادی ہے۔ غریبوں پر روزی تنگ ہوگی۔ آپ کو خدا نے ہمارا سرپرست بنایا ہے اس کا انتظام فرمایئے۔ آپ نے ایک آدمی سے فرمایا کہ بیوپاریوں کا جو چوہدری ہے اس کو بلا کر لاؤ۔ آپ کا آدمی چوہدری کے پاس گیا اور چوہدری نے کہا مجھے اس وقت فرصت نہیں ہے۔ جب فرصت ملے گی آؤں گا۔ اس آدمی نے آکر جواب دے دیا۔ آپ نے فرمایا کہ دکان کے باٹوں سے جا کر کہو کہ چوہدری کو لے کر آئیں۔ باٹ لوہے اور پتھر کے اوزان جس سے تولا جاتا ہے آپ کے آدمی نے دکان پر جا کر آواز دی کہ باٹوں کو گورنر صاحب کا حکم ہے کہ چوہدری کو لے کر آئیں اس آدمی کا یہ کہنا تھا کہ تمام دکانوں کے باٹ چھوٹے اور بڑے سب چوہدری کے سر پر کمر پر ہاتھ پاؤں پر پڑنا شروع ہو گئے

چوہدری سراسیمہ پیٹتا ہوا بھاگا اور آکر قدموں پر گر پڑا کہ حضور رحم فرمایئے آپ نے کہا کہ انصاف سے دکانداری اور تجارت کرو۔ دوسری مرتبہ آپ سے عرض کیا گیا کہ شہر میں چوریوں کی تعداد بڑھ گئی ہے۔ بدمعاش لوگ بے خوف ہیں۔ آپ نے فرمایا کہ شہر میں اعلان کردو آج کوئی دکان بند کرے یوں ہی کھلی ہوئی دوکانیں چھوڑ کر اپنے اپنے گھر جائیں آپ نے ایک آدمی کو رقعہ لکھ کر دیا کہ فلاں طرف جنگل میں جاؤ وہاں ایک کتا تمام کو ملے گا اس کو یہ رقعہ دے دینا۔ جب رات آئی لوگوں نے دیکھا کہ شہر کی ہر گلی کوچہ اور بازار میں بے شمار کتے پہرے دے رہے ہیں جو جس دکان یا مکان سے بُری نیت سے گزرتا ہے کتے اسے لپیٹ جاتے ہیں۔

اب تمام رات دکان کھلے ہے گھر کھلا ہے۔ مالک گھر میں سو رہا ہے کیا ممکن کہ کوئی تنکا اٹھالے آپ بدستور مسجد میں بیٹھے رہے اور شہر میں ایسا انتظام کہ کوئی کسی کو بری نیت سے آنکھ اٹھا کر نہیں دیکھ سکتا۔ سچ ہے۔

خاکسار ان جہاں را بہ حقارت منگر
تو چہ دانی کہ دریں گرد سوارے باشد

روحانی چٹکلہ

اگر کوئی شخص آپ کو بے سبب پریشان کرتا ہے اور نقصان پہنچاتا ہے تو سنیچر کے دن تاریخ مہینہ کوئی ہو بعد طلوع آفتاب اس نقش کو موم کی تختی پر کندہ کر کے اس شخص کے مکان کی بیرونی دیوار کی جڑ میں دفن کردو بحکم خدا اس کی زبان بند ہو جائے گی اور وہ پریشان کرنا اور نقصان پہنچانا ترک کردے گا فلاں بن فلاں کی جگہ اس کا نام

	۳۰۶	
۲۲		۱۰۳۳
مغلوب گردد	۳۰۶	فلاں بن فلاں

تحریر کام

تجربہ:

ایک میز پر باریک ریت بچھا دیجئے جس کی تہ ڈیڑھ انچ ہو اور ایک چرے ہوئے بانس کا ڈنڈا جو تین فٹ لمبا ہو لیجئے ایک پنسل یا ایک چھڑی کا ٹکڑا ڈنڈے کے بیچوں بیچ باندھ دیجئے دو معمولوں کو لیجئے ایک معمول کے ہاتھ میں ڈنڈے کا ایک سرا ایک دوسرے معمول دائیں ہاتھ میں اس کا بایاں سرا دے دیجئے اور اپنے دل میں کوئی شکل یا کوئی خاکہ خود قائم کیجئے اس اثناء میں معمولوں سے کہہ دیجئے کہ وہ بالکل خاموش اور مجہول کھڑے رہیں اعصاب جسمانی میں ذرا بھی تناؤ یا کھچاؤ نہ ہو ان کو بتا دیجئے کہ بحیثیت عامل کسی خاص حروف تہجی یا لفظ یا خاکہ کا تصور دل میں کر رہے ہیں جس کا عکس ان کے اوپر بہت جلد نازل ہوگا اور جس کی وجہ سے معمول کا دایاں ہاتھ اس طرح حرکت کرنے لگے گا کہ پنسل ریت کی سطح سے چھو جائے گی اور اس ریت میں وہ حروف یا خاکہ بن جائے گا۔

معمول سے کہہ دیجئے کہ وہ پنسل کی حرکت کے خلاف کوئی مزاحمتی عمل نہ کریں۔ اس کو اپنا کام کرنے دیں اگر آپ کا دھیان پورے طور پر اس پیغام یا خاکہ پر جما ہوگا تو آپ خود اور آپ کے معمول سب یہ دیکھ کر حیرت میں رہ جائیں گے کہ ان کے ہاتھ ادھر اُدھر اوپر نیچے حرکت کر رہے جس سے وہ پنسل آہستہ آہستہ وہی معلومہ لفظ یا

خاکہ ریت میں ابھارتی ہے جس کا آپ نے دھیان کیا تھا واقعی یہ عمل ایک معجزہ ہے اگر اپنے معمولوں کو اس قسم کے پیغام موصول کرنے کی تربیت دے چکے ہیں تو پھر حاضرین سے ہر شخص کے ذریعے سے یہ پیغام حاصل کر سکتے ہیں اور پنسل خود بخود فوراً وہ پیغام لکھ دے گی۔

لکھنے لگیں گے۔
دینے میں ممد و معاون ہوا اور فوراً ہی ہاتھ چلنے اور اس کے سوال کا جواب
ہم نے اس مشق کی بارہا آزمائش کی ہے اور ہمیں اس سوال کرنے والے کو تسلی
بخش جواب دینے میں کبھی ناکامیابی نہیں ہوئی جس کو روحانی مشورے یا پیغام یا مدد کی
سخت ضرورت تھی۔ الہامی دنیا میں اس قسم کی مشق علم یعنی روحانی طریقے سے دور کی چیزیں
دیکھ لینے کی یا دور کی آوازیں سن لینے کے علم سے ملتی جلتی ہے اور یہ روحانی دنیا کے رہنے
والوں سے سلسلہ پیغام رسانی کا قائم کرنے کا یقینی ذریعہ ہے آخر الذکر عمل میں روحانی
طاقت معمولوں کے دماغوں سے صرف ایک ٹیلیفون کے ریسور کا کام لیتی ہے۔
دوں کا خیال معمول بنے یا بندہ پیغام کے دماغ پر اپنا نقش ڈال دیتا ہے اور اس
سے برقی اعصاب حرکت پر مائل ہو جاتے ہیں اور پھر اس پیغام یا خیال کو اسی زبان سے
لکھ دیتے ہیں جس سے روحانی عامل ان کو حاصل کرنا چاہتا ہے سوالات کا صحیح جواب
حاصل کرنے کے لئے دونوں معمولوں کے دماغ اور دل کی باہمی ہمدردی اور شرکت عمل
کی سخت ضرورت ہے اس ضروری شرط کو ذہن پر نقش کر لیجئے گا۔
اسی قسم کے اصولوں کا اطلاق یکسوئی کیٹر کی شین اور ہجابورڈ کے استعمال میں
بھی ہوتا ہے جس سے زمانہ حال کے حوصلین اور خود نویس کام لیتے ہیں۔ اسی قسم کی خود
نویسی کی مشق ہے ان لوگوں کو ذرا بھی نقصان نہیں ہوتا۔
جن کو تربیت دی جاتی ہے اس سے نہ کسی کی جسمانی صحت کو نقصان پہنچتا ہے
قلبی طاقتیں زائل ہوتی ہیں بجائے اس کے اس سے روح یا آتما کی مخفی اور اندرونی
طاقتوں کی نشوونما ہوتی ہے اس لئے یاد رکھنا چاہیے کہ اس مشق کا روح اور جسم دونوں سے
تعلق ہے پس ہر شخص کو اپنی لطیف مخفی طاقتوں کی ارتقا اور ریتا وقتیے میں اپنی زندگی کی
بہتری کے لئے عمل کرنا چاہیے بہشت کی حکومت آپ کی راہ میں موجود ہے دروازہ
کھٹکھٹائیں یہ ضرور کھل جائے گا۔ اور آپ اس دولت کے لئے سوال کیجئے اور
ضرور بالضرور روح سے آپ کو بہترین حرکات حاصل ہوں گی۔

دوسروں کے دل کی پوشیدہ باتیں جاننے اور ان کے صحیح جواب بتلانے کا تنتر

اس علم میں زیادہ اونچا درجہ محض یہی نہیں ہے کہ تصور کئے ہوئے پیغام کو حاصل
کریں بلکہ اگر وہ پیغام سوالیہ پہلو رکھتا ہے تو اس کا اپنی الہامی طاقت کی مدد سے جواب
بھی دے دیں جس کے عمل کا طریقہ یہ ہے:

اپنے حاضرین میں سے ایک شخص کو لے لیجئے اور اس سے کہیے کہ اپنے دل
میں سوچے بعد ازاں بعد پہلی مشق کی طرح بجائے معمولوں سے کام لینے کے لئے ایسے
شخص کو لیجئے جس کا اس تجربہ کا بڑا شوق ہو اور جو پیغام حاصل کرنا چاہتا ہو اس سے کہہ
دیجئے کہ ڈنڈے کا ایک سرا اپنے ہاتھ سے پکڑے اور پھر ایک دوسرے معمول کو لے کر اس
کے ہاتھ میں دوسرا سرا دے دیجئے دونوں بالکل مجہول اور خاموش بن کر کھڑے رہیں۔

اب اس شخص کو کہیے کہ اپنا سوال یکسو ہو کر دھیان کرے فوراً اپنی پنسل ریت
پر وہ سوال لکھ دے گی جس کا تصور کیا گیا ہے اب اس شخص سے کہیے کہ کسی اپنے دوست یا
اور کوئی روح کا دھیان کرے جس سے وہ سوال کا جواب حاصل کرنا چاہیے اس کو خاموشی
کے ساتھ دل ہی دل میں اس اسپرٹ یا روح سے التجا کرنی چاہیے کہ وہ سوال کا جواب

قوت اعصابی سے علاج کرنے کا تنتر

تجربہ:

(مقناطیسی علاج) پہلے صفحات میں کشش بہپائی کے جو مقناطیسی طریقے بیان کئے گئے ہیں ہمارے ملک کے ماہران تنتر ودیا کے ذریعے سے عوارض جسمانی کا علاج بھی کرتے ہیں اور ہر قسم کی تکلیف اعصابی مثلاً لوگوں کی بے ترتیبی انجماد خون ہاتھ پاؤں میں اماس معدہ کی خرابیاں، بخار، گٹھیا، بائی، مارگزیدہ کی خون میں زہر کی پیدائش وغیرہ وغیرہ انہیں روحانی منتروں سے ہوتا ہے۔

مریض سے کہئے کہ سیدھا کھڑا ہو کر ہاتھ سے دو ڈنڈوں کے دوسرے پکڑے اسی طرح ایک دوسرے تندرست آدمی سے خواہ معمول ہو خواہ غیر معمول ہو گے کہ وہ دونوں ڈنڈوں کی دوسری جانب کے سروں کی گرفت کرے اس طرح ایک مقناطیسی حلقہ بن جاتا ہے آپ بحیثیت عامل ایک یا دو منٹ علیحدہ ہو کر دور کھڑے ہو جائیں اور اپنے دونوں ہاتھوں سے جن کی انگلیاں پھیلی ہوئی ہوں مسمریزم کے مقناطیسی پھیرنے کا عمل کیجئے ہاتھ پہلے مریض کے سر کی طرف لے جا کر اور پھر سینہ اور بازو پر اتار لائیں اور وہاں سے ڈنڈوں کے متوازی ہاتھ لے جا کر دوسری طرف دوسرے معمول کے پیٹنے پر سے لے جاتے ہوئے اس کے سر پر لے جائے پھر ہر عمل کے بعد جھٹک کر یا کیجئے یہ عمل کرتے ہوئے حسب ذیل ضروری تجویز بھی کہتے ہیں

دیکھو تمہاری صحت اور ناپاک مقناطیس تمہارے جسم سے خارج ہو جائے گی اور اس کی جگہ دوسرے معمول کی صحت کامل اور پاک مقناطیس آکر لے لیگی اور معمول میں بھری تازہ مقناطیسی طاقت کی لہر جاری ہے تم دونوں معمولوں کو اس لہر کی رفتار اس قدر زیادہ محسوس ہوگی کہ جب تمہاری بیمار مریض کی ناپاک مقناطیس باہر خارج ہوگی تو دونوں ڈنڈے ایک دوسرے سے کھنچے ہوئے لگیں گے اور جب دوسرے معمول کی صحت اور پاک مقناطیس تمہاری ناپاک مقناطیس کو انگلیوں کے راستہ خارج ہونے پر بیکل کرے گی۔ تو ڈنڈوں کی مقناطیسی حرکت ختم ہو جائے گی اور اس کا ثبوت اس بات سے ملے گا کہ کھنچے ڈنڈے پھر کھینچ کر اپنی اصلی حالت پر آجائیں گے اور پھر باہم ویگر مل جائیں گے دونوں کا آپس میں اتصال ہو جائے گا یا اتصال تھوڑی دیر تک قائم رہے گا اور اس وقت تمہارے جسم میں ایک نئی طاقت کی لہر دوڑتی ہوئی محسوس ہوگی اور جو کچھ تکلیف تم کو ہے وہ آہستہ آہستہ دور ہو جائے گی۔

اگر آپ یکسوئی سے کام لے کر اسی طرح ہاتھ پھیرنے کا عمل کریں تو پھر مریض اور معمول دونوں کو معلوم ہوگا کہ ایک دوسرے کے جسم میں ایک عجیب مقناطیسی لہر دوڑ رہی ہے۔ اور وہ چند تجربوں کے بعد خود کو نہایت تندرست اور توانا محسوس کریں گے۔

اس اصول معالجہ کو جنوبی ہند کے تنتر ودیا کے ماہروں نے پسند کیا تھا اور اس کے ذریعے سے انہوں نے نہایت حیرت انگیز علاج کامیابی کے ساتھ کیا خود ہم نے ایسے متعدد مریضوں کو اس کے ذریعے سے شفایاب کیا ہے۔ جہاں طبی امداد کے کچھ فائدہ حاصل نہ ہوا تھا تنتر ودیا والے بانسوں کی بجائے بید کی ٹہنی استعمال کرتے ہیں جو پانچ فٹ لمبی اور بیچ میں سے لمبائی کے لحاظ سے دو ٹکڑوں میں کٹی ہوئی ہوتی ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کو یہ بھی پتہ چل گیا ہے کہ سبز بید کی ٹہنی میں کس قدر صحت اور مقناطیس موجود ہے اسی تجربہ کے اصول پر عمل درآمد کرکے ہم نے نامعلوم کتنے مریض اچھے کئے ہیں جن کو مختلف عوارض نے پریشان کر رکھا تھا مثلاً دردسر، نسوں کا درد، گٹھیا اور مختلف قسم کے درد، نیز معدے کی تکالیف، دل کی دھڑکن وغیرہ وغیرہ۔

دشمن سے بدلہ لینے کا حیرت انگیز تنتر

سنیچر کے دن بعد دوپہر کو تقریباً ایک بجے دن کے بلی کی مونچھ کا ایک بال کاٹ لو اور کبوتر یا مرغ یا کسی چھوٹے سے پرندکا ایک پر بازو کا لے لو۔ ایک دشمن کے واسطے عمل کر رہے ہو تو اس کا نام معہ والدہ کے کاغذ پر لکھو (سیاہ روشنائی سے) اور بال و پر دونوں اس کاغذ میں رکھ کر اس پر تین سو تیس مرتبہ پڑھو۔ فَجَعَلَهُمْ كَعَصْفٍ مَّأْكُولٍ بسم اللہ شریف نہ پڑھو بعد ختم اس پر پھونک کر کسی ویرانے یا قبرستان میں دفن کر دو اگر دو شخصوں کے درمیان جدائی مقصود ہے تو دونوں کے نام کاغذ پر معہ والدہ کے لکھوا کر دو ان کا نام معلوم نہ ہو سکے تو صرف اس یا ان کے نام کافی ہیں بحکم خدا دوسرے سینوں تک حال معلوم ہوگا صرف ایک دن کا عمل ہے۔

رُوحانی تنتر

اگر کوئی شخص کسی مرض میں مبتلا ہو تو نام مریض معہ والدہ اور اس مبارک اعظم یا شافی یا نافع یا سلام کے اعداد جمع کر کے نقش مثلث آتشی چال سے پر کر کے چینی کی طشتری پر زعفران سے اس مثلث کو لکھ کر روزانہ مریض کو دھو کر پلایا کرو انشاء اللہ تعالے تیسرے دن سے آثار صحت شروع ہوں گے نقش پر بسم اللہ شریف بھی لکھیے ہر نام کے ساتھ لفظ یا کے اعداد بھی شامل کرے صبح نہار منہ پلایا کرے۔

۱۶۳	۱۷	۱۶۱
۱۵۸	۱۶۰	۱۶۲

۱۵۹	۱۶۳	۱۵۷

اگر کوئی شخص گم ہو گیا ہو یا بھاگ گیا ہو تو اس نقش معظم کو باطہارت کاغذ پر لکھ کر اور اسی طرح کشادہ ایک دھاگے میں باندھ کر اونچے درخت پر باندھ دے بحکم خدا وہ شخص واپس آئے گا۔ نقش معظم یہ ہے نقش کے نیچے نام مفرور کا معہ والدہ کے لکھیے۔

(فلاں بن فلاں باز گردو)

نقش فتح نامہ

جو شخص کسی مقدمہ میں گرفتار ہو تو اس کو چاہیے کہ روزانہ چدرہ نقش لکھا کرے اور روزانہ پانی میں ڈال دیا کریں جس میں مچھلیاں ہوں گولیاں بنا کر اور آٹے میں لپیٹ کر اگر کسی جگہ پانی نہ ہو تو پاک زمین میں دفن کر دیا کرے نقش یہ ہے۔

نقش برائے اَولاد

اگر کسی کے اولاد نہ ہوتی ہو یا گائے بھینس بکری کو حمل نہ رہتا ہو تو قمر برج جوزا (منحس) میں ہو تو اس نقش معظم کو باطہارت لکھ کر اس کی قمر سے باندھ دے بحکم خدا حمل قرار پایا ہے۔

اُصول ہپناٹزم

یہ کہہ دیا گیا ہے کہ ہپناٹزمی خواب کسی شے کی طرف ٹکٹکی باندھ کر دیکھ
خیال یکسو رکھنے سے پیدا ہوتی ہے۔ اگر صرف توجہ ہی یکسو رکھی جائے اور کوئی خاص
نہ کیا جائے تو اس سے معمولی نیند پیدا ہوگی۔ اس کام کے لئے قرص جن میں خاص
مقناطیسی اثر موجود ہے بڑے کام کے ہیں۔ سب سے بہتر خیال جو معمول کے دل
ہونا چاہئے۔ وہ اثر ہو جانے کی اُمید ہے۔ ایک چیز کی امید رکھنا اور خواہش کرنا
باتیں ہیں۔ ہکلا آدمی ہکلانے کی خواہش نہیں کرتا بلکہ وہ اس لئے ہکلاتا ہے کہ اس
بات کی اُمید ہوتی ہے۔ یہ عامل کا فرض ہے کہ اگر معمول میں اُمید کا خیال نہ ہو تو اس
پیدا کر دے۔ معمول کی توجہ اپنی طرف لگا لے۔ اس کا خیال یکسو کر دے۔ اُس کا
کرا دے اور اس طرح خواب کی اُمید اُس کے دل میں پیدا کر دے۔ جس شخص نے
پر عمل ہوتے پیشتر دیکھ لیا ہوگا اُس کو جلدی اعتبار آ جائے گا۔ اگر معمول میں اُمید ہو
تو علم روحانی کا اس میں اثر ہونے لگتا ہے۔ اگر کسی شخص کو جسے نیند نہ آتی ہو ایسی
جائے جس کی نسبت خواب آور ہونے کا احتمال ہو لیکن درحقیقت خواب آور نہ ہو
مذکورہ کو اس سبب سے کہ اُسے نیند آ جانے کی اُمید تھی نیند آ جائے گی۔

معمول میں اگر قلب کو کچھ عرصے تک ساکت رکھنے اور نہایت استقلال
ساتھ نظر جمائے رکھنے کی قابلیت ہو تو وہ نہایت جلدی اثر قبول کرے گا۔ وہ لوگ

یکسو نہیں کر سکتے۔ یا جن کی خود فراموشی کی سی عادت ہو۔ یا جو پریشان دل رہتے ہوں۔ یا
جن کے خیالات منتشر رہتے ہوں۔ اثر ہرگز قبول نہ کریں گے۔

طریق عمل:

کامیابی اور تھوڑی سی کوشش سے ہپناٹائز کرنے کے لئے تمام ان صفات کی
ضرورت ہے جو مسمرائزر (عامل مسمریزم) میں ہونی چاہئیں۔ اس کے احکام ناطق۔
مستقل اور مضبوط ہوں۔ تاکہ معمول پر اپنے خیالات جما سکے۔ ہپناٹزم کا اصلی راز یہ ہے
کہ مستقل ارادے سے دو تین منٹ تک کسی ایک شے کی طرف دیکھا جائے اور اس
زمانے میں قلب بھی ایک ہی خیال پر جما رہے۔

مشہور ہپناٹزم کے عامل ڈاکٹر بریڈ نے اپنا قاعدہ حسب ذیل لکھا ہے۔ کوئی چیز
چمکدار اپنے بائیں ہاتھ کے انگوٹھے اور اوّل و دوم اُنگلی میں پکڑو (میں اپنے نشتر کا بکس
استعمال کیا کرتا ہوں) اور اس کو معمول کی پیشانی سے قریباً بارہ انچ کے فاصلے پر ایسے
مقام پر سے دکھاؤ کہ جہاں سے اس کو آنکھوں کی دونوں پتلیاں ایک مرکز پر کر کے دیکھنا
پڑے اور اُدھر ہی ٹکٹکی باندھے استقلال کے ساتھ دیکھتا رہے۔

(اہل ہنود اور اہل اسلام کے صوفیہ طریقے میں ناک کے نتھنے پر نظر جما کر
دیکھنا ایک پُر اثر طریقہ مانا گیا ہے۔ اس طریقے سے اکثر تیز حس لوگوں میں روشن ضمیری
پیدا ہو جایا کرتی ہے) معمول کو سمجھا دیا جائے کہ اس سے شے کی طرف خوب نظر جمائے
دیکھتے رہو۔ اوّل یہ اثر ہوگا کہ پتلیاں سکڑنے لگیں گی۔ پھر پھیل جائیں گی۔ جب اس
حالت کو ذرا ایک عرصہ ہو جائے اور معمول کی صورت سے غنودگی سی معلوم ہونے لگے تو
اپنے دائیں ہاتھ کی اوّل و دوم اُنگلیاں ذرا پھیلا کر اور علیحدہ علیحدہ کر کے اس چمکدار
شے کی قریب سے معمول کی آنکھوں کے پپوٹوں کے پاس کو لے جاؤ۔ گمان غالب ہے کہ
اس کی آنکھیں خود بخود بند ہو جائیں گی۔ اگر آنکھیں بند نہ ہوں اور معمول اپنی آنکھیں
کھولے رہے تو پھر عمل شروع کرو اور اُس سے کہہ دو کہ جب دوبارہ اُنگلیاں پپوٹوں کے

پاس کو لائی جائیں تو آنکھیں بند کرلے لیکن اس سے پیشتر برابر چمک دار شے کو بغور
یک سُو توجہ کے ساتھ دیکھتا ہے۔

مذکورہ صدر طریقہ سے ناظرین کو معلوم ہو گیا ہوگا کہ ڈاکٹر صاحب کی ہدایت
ہے کہ معمول اس شے کا خیال برابر قائم رکھے لیکن ہر حالت میں ضروری نہیں ہے بلکہ
صرف عامل کا یا اس حالت کا جس میں وہ داخل ہوگا مفرد خیال بھی وہی کام
دیا کرتا ہے۔

ہمارا شروع میں اپنا طریقہ یہ تھا کہ بیس سال کے نوجوان آدمی کو ایک کرسی پر
آرام سے بٹھا دیتے تھے تاکہ وہ اُس کی طرف دیکھتا ہے۔ چند سٹ کے بعد اس کی
آنکھیں بند ہو جاتی تھیں اور وہ کوشش کرنے پر بھی نہ کھول سکتا تھا اور اُس کے ہاتھ جو
میں بٹن تھا گھٹنوں پر گر جاتے تھے۔ ہم اُس سے کہتے تھے کہ اگر تم اپنی آنکھیں کھول سکتے
ہو تو کھولنے کی کوشش کرو لیکن ہرگز کھلتی نہیں۔ پھر ہم کہتے تھے کہ تمہارے ہاتھ تمہارے
گھٹنوں سے چپک گئے ہیں۔ تم ان کو وہاں سے اُٹھا نہیں سکتے فرض کرو کہ وہ اُٹھا نہیں سکتے
۔ ہم متواتر اس سے بات چیت کئے جاتے تھے اور معلوم کر لیتے تھے کہ آیا کوئی خاص
تبدیلی ہوئی یا نہیں۔

پھر ہم اس کا ہاتھ اُٹھا کر اوپر سے چھوڑ دیتے تھے چاہے کہیں گرے۔ اس کے
بعد اُس کی آنکھوں پر پھونک مار دیتے تھے۔ فوراً وہ آنکھیں کھول دیتا تھا لیکن اس کی
حالت مثل سابق کسی بھی قائم رہتی تھی۔ اس کو سب کچھ یاد رہتا تھا لیکن آنکھیں نہ کھول سکتا تھا
اور جاگنے کے بعد کچھ تکان بھی ہو جاتا تھا۔ بعد کو کچھ ترقی کرنے کے بعد ہم اس طرح
عمل کر دیا کرتے تھے کہ ایک شخص کو خواہ کسی عمر کا ہو کرسی پر بٹھایا۔ اس سے کہا کہ تم
سو جانے کی کوشش کرو اور کسی چیز کا خیال مت کرو اس کے نہ کرو کہ میں سو جاؤں۔ چند لمحے
کے بعد ہم یہ کہتے جاتے تھے کہ اب تمہاری آنکھیں بند ہوتی جاتی ہیں اور غنودگی زیادہ
ہوتی چلی جاتی ہے۔

لوہے کے بھاری ہو چلے۔ اب تم پر تھکان آگیا ہے اور تمہارے ہاتھ سو گئے
تمہارے پیر بھی تھک گئے۔ اور تمہارے بدن پر نیند آگئی۔ سو جاؤ۔ جب آنکھیں بند
ہو جاتی تھیں تو ہم دریافت کرتے تھے کہ کیا تم اپنی آنکھیں کھول سکتے ہو؟ اس سے ہرگز نہ
کھلتی تھیں۔ پھر اس کا ہاتھ اٹھا دیتے تھے اور حکم دیتے تھے کہ تم اس کو نیچے نہیں گرا سکتے
اور وہ ہرگز نہ گرا سکتا تھا۔ اس کے بعد حسب ذیل سوال و جواب کرتے تھے۔

عامل: تم سوتے ہو؟
معمول: ہاں خوب سو رہا ہوں۔
عامل: کیا طوطے کو پڑھتے سنتے ہو؟ (صرف خیالی طوطے)
معمول: ہاں سنتا ہوں۔
عامل: کیا اب گھڑی بج رہی ہے؟
معمول: بے شک بج رہا ہے۔

پھر کوئی شے مثلاً کپڑا وغیرہ معمول کے ہاتھ میں دے دیا جاتا تھا اور کہا
جاتا تھا۔

عامل: تم نے یہ تحفہ دیکھا؟
معمول: ہاں دیکھا۔
عامل: اچھا اپنی آنکھ کو کھول کر تحفے کو خوب دیکھو۔ تم کو خوب نظر آئے گا۔ پھر تم سو جاؤ
گے اور جب تک میں حکم نہ دوں گا نہ جاگ سکو گے۔ یہ سن کر وہ اپنی آنکھیں
کھول دیتا تھا اور خیالی تحفے کو خوب پیار کرتا تھا۔ غرض جو خیال پیش ہوتا تھا
ناظرین کی تفریح کے لئے معمول کے خیال میں پیدا کر دیا جاتا تھا۔

ہمارے شروع کے طریقے میں معمول اس لئے جلد احکام کی تعمیل پر مجبور نہ
ہوتا تھا کہ اس میں ہم سے اس کا جیسا تعلق کامل نہ ہوتا تھا۔ یہ غلطی ہم کو بعد کو معلوم
ہوئی۔ یہ کہہ دینا بھی ضروری ہے کہ اکثر اشخاص پر ہم کو مذکورہ صدر دونوں طریقوں سے

بھی ناکامی ہوئی لیکن مسمریزم نے اپنا پورا اثر کیا اور کامیاب ہوئے۔ تاہم اول طریقہ کی بہ نسبت دوسرا طریقہ اچھا ہے۔ کیونکہ بچن وغیرہ پر ممکن ہے کہ خیال بٹ جائے مگر زبانی احکام ایسے جلدی جلدی ہوتے ہیں کہ معمول کو دوسرے خیال کی مہلت نہیں مل جاسکتی مگر یہ دونوں طریقے ایک یا دو شخصوں پر پرائیویٹ جلسے میں عمل کرنے کے ہیں اور اس حالت میں جب کہ قُرص موجود نہ ہوں لیکن اگر قُرص ہیں تو بارہ آدمیوں میں سے دو ایک پر تو ضرور اثر ہوگا۔

مسمریزم میں علم کاسۂ سر کی ضرورت:

ایسے مسمریزم یا ہپناٹزم کے ماہروں کے لئے جو عام جلسوں میں تماشہ کرتے ہوں۔ عالم کاسۂ سر کی واقفیت اشد ضروری ہے۔ جو لوگ اس علم کو کمال کے ساتھ سیکھنا پسند نہ کرتے ہوں اُن کو بھی کم سے کم معمولی واقفیت ہونی کار آمد ہے۔

نوٹ ہذا:

ہپناٹزم کے لئے بھی ایسا موزوں لفظ ملنا محال ہے جس طرح مسمریزم کے لئے کوئی موزوں لفظ نہیں ملتا۔ جس طرح مسمریزم کے معنی مختلف اور متعدد الفاظ کے ذریعے ادا کرنے کی کوشش کی گئی ہے اسی طرح ہپناٹزم کے لئے بھی جو مسمریزم کی چھوٹی بہن ہے ضرور کوئی نام تجویز ہو جائے گا۔ اس علم میں نظر بندی اور حاضرات کا طریقہ بھی شامل ہے۔ ہندوستان میں حاضرات کے لئے حسب ذیل طریقے مستعمل ہیں

معمولی عمر یعنی 13 سال سے کم عمر لڑکے کو اس کے انگوٹھے کے ناخن پر سیاہی لگا کر دکھاتے ہیں۔

معمولی طور پر پڑھنے کے پرچے کر اور اس پر نقش لکھ کر اس کی تھوڑی تہہ کر کے سوئی سے اس میں سوراخ کر دیتے ہیں اور بچے کو اس میں دیکھنے کو کہتے ہیں۔

دکن میں ہاتھ کی ہتھیلی میں سیاہی کا داغ لگا دیتے ہیں۔ اور معمول اپنا ہاتھ اس طرح پیشانی پر رکھتا ہے کہ اس کا انگوٹھا اور چھنگلیا تو ناک کے نتھنے پر رہتی ہیں اور باقی تین انگلیاں اگر قدرت کے اوپر پیشانی پر اور اس طرح اس سیاہی میں جو اس کے ہاتھ میں لگائی گئی ہے غور سے دیکھتا ہے۔

کسی دل یا لوہے کی انگوٹھی میں بجائے نگینہ سیاہ رنگ کی لاکھ بھر دیتے ہیں یا گول سیاہ نگینہ ہی لگا دیتے ہیں اور ضرورت کے وقت اس نگینے کو چمکدار کرنے کے لئے روغن لگا کر معمول کو دکھاتے ہیں۔

ولایت میں ایک قسم کے بلوری پتھر ہوتے ہیں جن کو کرسٹل کہتے ہیں اور جن کی قیمت وہاں پر پانچ دو چار روپے کے قریب ہے۔ معمول کو اس طریقے سے جس طرح قرص دکھایا جاتا ہے۔ بالکل وغیرہ میں ڈو پرس کر کے دکھاتے ہیں۔

یہ نہایت عمدہ اور کم خطر طریقہ ہے۔ اس طرح عامل خود بھی روشن ضمیر ہو سکتا ہے لیکن کسی حصے سے بیشتر کسی وہ یاد رکھتا ہے کہ اگر ہم بے خبر ہوتے ہوں تو کوئی دشمن بگاڑ دے۔ اور اگر بچنے سے نہ اٹھیں اور کوئی اور پسند کرے۔ اس کی بات زندہ کرامات میں مفصل ہدایت درج ہے۔

ان کو اپنے پاس ایک نقشہ جس میں تمام مقامات خواص دکھائے گئے ہیں۔ اور ایک چینی کا بنا ہوا سر جس میں وہ مقامات بتلا دیے گئے ہوں ضرور رکھنا چاہئے۔ اور ہر شخص کام چلانے کے لائق علم کا سر زیادہ سے زیادہ ایک ماہ میں سیکھ سکتا ہے۔ آئندہ اگر دلچسپی ہو سیکھے۔ ورنہ خیر۔ اس علم کے استعمال کا موقعہ عام جلسوں میں بہت ہوا کرتا ہے فرض کرو کہ ایک عامل کسی عام جلسے میں آٹھ اشخاص پر ہپناٹزم کر سکا یعنی ان پر خواب طاری ہو گیا۔ تو اس کا اختیار ہے کہ اگر وہ چاہے تو ان اشخاص پر حسب ذیل خیالات ڈال دے۔

یعنی ان سے کہے کہ جب تم جاگو گے تو اپنے آپ کو ایک باغ میں پاؤ گے اور تم کو اختیار ہے کہ اس باغ کی سیر کرو۔ پھل کھاؤ اور پھل توڑو۔ اس کے بعد وقت ختم دے کہ اپنی آنکھیں کھول دو۔ سب کی آنکھیں فوراً کھل جائیں گی اور ہر کوئی خیال بھول توڑے گا۔ کوئی پھل کھائے گا۔ کوئی سیر کرے گا لیکن یہ یاد رکھنا چاہئے کہ ہر شخص میں اس کی ذاتی عادت بھی باقی رہے گی۔ یعنی جو ان میں سے سخی الطبع ہے وہ خود بھی پھل کھائے گا اور دوسروں کو بھی دے گا۔ حریص کسی کو نہ دے گا وغیرہ۔

اسی حالت میں معمولوں پر یہ بھی خیال ڈال دیا جا سکتا ہے کہ ایک درخت پر

ایسے اُمور کے اشارے نہ کیا کریں جو ان کے مزاج اور عادات کے خلاف ہوں ورنہ ممکن ہے کہ عدول حکم کرے۔ فرض کرو کہ کسی متعصب شخص اس کے مذہب کے خلاف اشارہ کیا جائے گا تو ممکن ہے کہ وہ تعمیل نہ کرے۔

فرض کرو کہ ہم زید کے دل میں یہ خیال پیدا کر دیں کہ جس وقت گھڑی بجے تم اس شخص کو جو مجمع میں تمہارے مقابل بیٹھا ہے بے وقوف کہنا۔ گھڑی بجی لیکن زید نے باوجود خیال پیدا کرنے کے تعمیل سے درگذر کی لیکن اگر گھڑی کے بجنے سے زیادہ مستقل تحریک مقرر کی جائے گی تو معمول کو مجبوراً تعمیل کرنا پڑے گی۔

مثلاً ہم معمول سے کہیں کہ جب تم جنبش اپنی انگلیاں ملتے دیکھو گے تو فلاں شخص کو بے وقوف کہو گے۔ پس زید کو جگا دیا اور ہم نے اپنی انگلیاں ملنی شروع کر دیں۔ اول اُس کے دل میں خیال پیدا ہوا کہ شخص معلومہ کو بے وقوف کہوں مگر وہ کامیابی سے اس خیال کو روک گیا لیکن ہم اپنی انگلیاں ملتے ہی جاتے ہیں تو بالآخر آہستہ آہستہ معمول کی قوت مقابلہ کمزور ہوتی جائے گی۔ اور وہ مجبوراً آپ بے وقوف کہہ اٹھے گا۔ ایک وقت میں ایک ہی اشارہ معمول کو کرنا چاہئے۔ مثلاً جب میں کھانسوں گا تو تم کو میز پر ایک کبوتر نظر آئے گا۔ اس طرح جب وہ جگایا جائے گا۔ تو اس کو میز پر دکھائی دے گا۔ باوجود یکہ وہاں کبوتر موجود نہیں تھا لیکن اسی حالت میں دوسرا خیال پیدا کر دینا واجب نہیں ہے۔ اس کو پھر پیناٹزی خواب طاری کر دینا چاہئے۔ ایسا کرنے کا یہ طریقہ ہے کہ معمول سے کہو کہ میرے ایک دو تین شمار کر چکنے کے بعد خواب طاری ہو جائے گا۔

پیناٹزی حالت میں اکثر معمول ایک نادانستہ فعل بھی کیا کرتے ہیں مثلاً ہم نے کہہ دیا ہے کہ وہ ہاتھ نہیں ہلا سکتا۔ پس وہ ہلانے سے مجبور رہا مگر چند لمحے بعد اُس کی ناک پر ایک مکھی آ بیٹھی۔ اُس کے اُڑانے کے لئے اُس کا ہاتھ اُٹھ گیا۔ اُس کو ناواقف لوگ معمول کا فریب خیال کیا کرتے ہیں گو در حقیقت یہ فریب نہیں ہے۔

وقت چراغ پست رکھا جائے تاکہ سایہ سامنے آجائے (سایہ دیوار پر ہونا چاہیے زمین پر نہیں) اپنے سایہ کی گردن پر ٹکٹکی باندھ کر دیکھو اور مندرجہ ذیل عمل کو صبح اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف کے ۱۴۱ مرتبہ پڑھیں جب تعداد ختم ہو جائے تو اپنے سایہ پر سے نظر ہٹا کر (دیواروں پر) نظر جمائیں۔ اسی وقت ہمزاد نظر آئے گا۔

ہمزاد روزانہ نظر آئے گا اور کبھی کبھی ہماری نظروں سے سایہ تک بھی غائب ہو جائے گا اور پھر حاضر ہوگا۔ کبھی تمام کمرے میں بالکل اندھیرا نظر آئے گا اور پھر اجالا ہو جائے گا۔ یہ منظر نظر آئیں گے لیکن اپنے تخیل اور نظر کو اسی طرح جمائے رکھو جہاں سے ابتداء کی تھی۔ یہ عمل چالیس یوم تک کرو انشاءاللہ تعالیٰ ضرور فائدہ ہوگا۔ اگر پہلے چلہ میں کامیابی نہ ہو تو عمل ترک نہ کرے۔ بلکہ دوسرا چلہ (مسلسل) کرو اگر دوسرا چلہ ناکام رہے تو تیسرے چلہ میں تو یقینی کامیابی ہے۔ ترک حیوانات کا سخت پابند رہے۔ ورنہ نقصان ہوگا باقی عمل میں اور کوئی خطرہ نہیں ہے عمل یہ ہے۔

اقسمت علیکم و عزمت علیکم یا معشر الجن والانس والارواح القدسه احضر و احضر و احضر و یا همزاد بحق سلیمان ابن داود علیه اسلام و بحق جبرائیل و میکائیل و اسرافیل و عزرائیل علیه اسلام یا قوم الهمزاد ، حاضر شو

موہنی منتر

اگر کسی جگہ آپ کے خواہاں ہیں اور اس جگہ شادی نہیں ہوتی یا کوئی عزیز دوست ناراض ہے یا کوئی عزیز دوست یا افسر خواہ مخواہ غصہ میں ہے یا کوئی دشمن بے سبب آپ کو نقصان پہنچا رہا ہے تو اس منتر سے کامیابی ہوگی۔

ترکیب:۔

ترکیب یہ ہے کہ بڑی اماوس کے دن سورج ڈوبنے کے بعد ایک گھنٹہ تک اس

منتر کو شروع کرے ایک گھنٹے کے بعد اس کا وقت ختم رہے گا۔ پہلے چار طلسم
کسی بھی وقت تیار کرے اور چاروں کے پتلے بنائے اگر مطلوب کا کپڑا
مل سکے تو ان چاروں فتیلوں پر لپیٹ کر مطلوب کے کپڑے سے حرز میں بہت طاقت
ہوگی۔ مطلوب کا کپڑا نہیں ملتا تو پھر کوئی بھی کپڑا فتیلے پر لپیٹ لے اب چار
چراغوں میں چاروں فتیلے رکھ کر چاروں کے منہ چاروں سمت کر دے (پورب پچھم
دکن) اور چراغ میں تیل ڈال کر رکھ دے یہ سب کام پہلے کر لے اب چاروں ... سورج
ڈوبنے کے بعد ان چاروں بتیوں کو روشن کر دے جب چاروں بتیاں جلنے لگیں تو ان کے
گرد عامل گھومتا جائے اور ایک سو ایک مرتبہ یہ منتر پڑھے تھوڑا سا سیندور اپنے پاس
رکھے منتر پڑھتے ہوئے اور چراغ کے گرد گھومتے ہوئے ایک ایک چٹکی سیندور کی چراغ
ڈالتا جائے اب منتر ایک سو ایک مرتبہ ختم کر لیا۔ مگر بتیاں جل رہی ہیں تو جب تک
چراغ کے پاس رہے جب تک بتیاں ختم نہ ہوں اگر بتیاں جل چکیں مگر منتر باقی ہے تو
کی تعداد ختم کر دے منتر ختم ہو گیا اور بتیاں جل رہی ہیں تو چراغ کے پاس بیٹھ جائے
گھومنے کی ضرورت نہیں ہے سات دن برابر یہی عمل کرے روزانہ چار طلسم تیار کیا کرے
وقت روزانہ وہی رہے گا۔ یعنی سورج ڈوبنے سے ایک گھنٹہ رک جس جگہ پر یہ عمل کیا
جائے وہاں کوئی دوسرا نہ ہو چراغ سات دن تک ایک ہی کافی ہے تیل زیادہ نہ ڈالا جائے
بس بتیاں تر ہو جائیں اور جل جائیں بتیوں کا تمام جل جانا شرط ہے اگر کسی وجہ سے کوئی
بتی بجھ جائے تو دوبارہ جلا سکتے ہیں بہتر وہی ہے جو اس طلسم ہمزاد کی والدہ کا نام معلوم نہ
ہو سکے تو صرف مطلوب کا نام لو اگر مطلوب کی ماں کا نام معلوم نہ ہو سکے تو طالب بھی اپنی
ماں کا نام شامل نہ کرے صرف نام کافی ہے۔

تن من بھسم کرے ساتی من بھسم کرے ساتی ہردے
میں ہوک، ہوک، ترپت، ترپت، گھڑ ...
پھر بھٹے ۔ پھرے دوارے، فلاں بن فلاں
جام (مطلوب مع والدہ) فلاں بن فلاں (نام طالب
مع والدہ) کی ریت کھاوے۔

کبریت احمر

دو جہاں ہے اور یہ عمل محبت و تسخیر کے لئے کبریت احمر ہے خدا چاہے تو آپ
اپنے مقصد میں کامیاب ہو گئے بشرطیکہ نیت حرام نہ ہو یہ عمل نہایت مجرب ہے بروز جمعرات کو
سورج نکلنے سے ایک گھنٹہ تک اس عمل کا وقت ہے۔
ترکیب یہ ہے کہ اکتالیس عدد فلفل سیاہ، کالی مرچ، لے کے ہر دانہ پر
اکتالیس مرتبہ یہ عمل پڑھ کر آگ میں ڈالتے جائیں۔
یاوُدُودُ بحق اللہ الصمد سُجَرْ سُجَرْ قلبُ فلاں بن فلانہ فلاں بن
فلانہ
کی جگہ نام مطلوب مع والدہ کے لیں اکتالیس دانہ اور ہر دانہ پر اکتالیس مرتبہ یہ عمل
پڑھے بس عمل ختم ہوا۔ اسی طرح تین دن کا عمل کریں یعنی جمعہ، سنیچر، اتوار لیکن سورج
نکلنے کا وقت پہلے ہی دن ہے دوسرے دن جب فرصت ملے اس عمل کو کریں باقی دو دن
میں کسی خاص وقت کی پابندی نہیں خدا چاہے تو تین دن میں مطلوب بے قرار ہوگا۔

مفارقت

جس طرح دنیاوی کاموں میں کوئی کام آسان اور کوئی دشوار ہے اسی طرح
عملیات میں بعض امور سے متعلقہ عمل آسان ہیں اور بعض دشوار مثلاً طلب اور تسخیر کے عمل

بہت دشوار ہیں اور جدائی کے عمل آسان اور یہ کچھ قدرتی راز ہیں اور کوئی
جا سکتی کہ حب کے عمل دشوار کیوں ہیں اور جدائی کے آسان کیوں بہر حال
تحقیق کام دیتی ہے حب عمل بھی درج کرتا رہتا ہوں اور جس کو اللہ چاہتا ہے
ہو جاتا ہے لیکن جدائی کے عمل نہ اپنے کیاب نہ اس قدر مشکل اور بے اثر
کے شائقین بھی بہت کم ہیں بعض احباب کو ضرورت ہوتی ہے اس لئے ایک
درج کرتا ہوں جو آزمودہ ہے لیکن جس جگہ شریعت اجازت دیتی ہو اسی جگہ
کریں بے استحقاق کسی کو محض اپنے نفس کی خاطر آزردہ نہ کریں۔

ترکیب:۔

ترکیب یہ ہے کہ جن دو شخصوں میں خلاف شرع میل ہو ان ہر دو کے نام
لکھیں اگر والدہ کا نام معلوم ہو سکے تو وہ بھی شامل کر لیں اگر نہ ہو سکے تو چند ان
نہیں دونوں کے نام بسط کر کے دو سطروں میں بچھائیں اور صدر موخر کر لیں سورۃ
یدا کو رمام بسط کریں اور اس سطر کو یعنی ہر دو نام کی سطروں کو جو صدر موخر کیا ہے سورۃ
حروف میں ملا دیں اس طرح کہ پہلے سورۃ کا حرف پھر سورۃ پھر اسم کا حرف جب
کے حروف ختم ہو جائیں تو سورۃ کے حروف اول سے نوٹ کر لیں یہاں تک کہ سورۃ
حروف ختم ہو جائیں اب ان تمام حروف کو شمار کر کے جس قدر شمار میں ہوں ان کو
آتشی چال میں پر کریں اور اس مثلث کے گرد اگر ان تمام حروف کو لکھ دیں۔ اور
چاروں گوشوں میں یا عزرائیل لکھ دیں اور اس نقش کو مردے کے کفن میں باندھ کر
میں دفن کریں انشاءاللہ تعالیٰ ایک ہفتہ میں دونوں میں مفارقت ہو جائے گی مردے کی
میں سے ایک گرہ کا ٹکڑا کسی جگہ سے حاصل کریں یہ نقش قمر در عقرب میں پر کریں اور قمر
عقرب ہی قبر میں دفن کر دیں۔

اونچا کر کے نظر کو خوب غور کے ساتھ آسمان پر ملایا جائے اس وقت اول دن سے [illegible]
تیسرے دن سے آپ کو ہمزاد آسمان پر نظر آنے لگ جائے گا پانی مت تک نظر [illegible]
خوب غور کے ساتھ بغیر آنکھ بند کیے ملایا جائے تو ہی دن سے ہمزاد آسمان پر نظر [illegible]
جائے گا۔ اسی طرح ہر روز ایک وقت ایک جگہ پر عمل کیا جائے اور اگر کوئی بھائی [illegible]
پر عمل کرنے سے مجبور ہو اس حالت میں اپنے مکان کے صحن کے اندر یہ عمل کر سکتے [illegible]
مکان کا صحن بڑا ہونا چاہیے جس جگہ پر عمل کے واسطے کھڑے ہو کر زمین پر سایہ آپ کو [illegible]
آ رہے تو اس حالت میں اپنے مکان کے اندر بھی عمل کرنے کی اجازت ہے۔

رات کا عمل

ایک مکان پک و صاف ہو۔ خانگی سامان اس کے اندر کسی قسم کا نہ ہو اور مکان کی
دیواریں وغیرہ قلعی دار ہوں۔ ایک چراغ جلا کر پشت کی جانب رکھا جائے کپڑے سفید
ہونے چاہئیں پشت کی جانب چراغ ہونا چاہیے سامنے سایہ دیوار پر نظر آتا رہے۔ اس [illegible]
کی گردن پر نظر جما کر رکھا جائے اگرچہ نگاہ کو تکلیف ہوگی مگر تین چار یوم میں [illegible]
ہو جائے گی۔ کھڑے ہوئے سایہ گردن پر نظر کو رکھا جائے اور عمل کو 500 مرتبہ پڑھا جائے۔
عمل میں ہے (اوم برنٹے) بعد عمل ختم ہونے پر خاموش ہو کر چارپائی پر لیٹ جائے۔ مگر [illegible]
رہے کہ سایہ اول دن سے یا دوسرے تیسرے دن سے رنگ بدل جائے گا۔ آپ کا سایہ دیوار
پر نظر آئے گا اور بہت سارے مختلف رنگ اس کے ہوتے ہوئے نظر آئیں گے بعض اوقات
دیوار پر سے غائب ہو جایا کرے گا مگر اس قسم کی وجوہات نظر آنے پر گھبرانا نہیں چاہیے
حوصلے کے ساتھ عمل کو کرتے رہنا چاہیے۔

نوٹ:

جس طرح ہم نے طریقہ تصور کرنے کا بتایا ہے اس طرح طرح ضرور کاربند ہو کر
عمل کرتے رہنا اور باقاعدہ طریقہ پر مشق تصور کرتے رہنا صبح و شام [illegible]

ہوتے ہی آئینہ لے کر اپنی شکل کا تصور باندھا جائے اور جہاں تک ہو سکے اسی قدر اس
کو سامنے لانے کی کوشش کی جائے۔ ہر وقت آنکھیں بند کرنے پر آئینہ کی طرح
شکل نظر آنی چاہیے۔

عمل تسخیر ہمزاد

یہ عمل مجرب و آزمودہ ہے جو ایک کامل عامل سے بڑی مشکل سے دستیاب ہوا ہے
[illegible] کے قبضہ میں ہمزاد تھا۔ ہمزاد ہمارے پاس ہتاری آس منتا و یاس بجھاؤ پیاس دے
[illegible] جائے اس عزیمت متبرکہ کو ایک جگہ و ایک وقت پر مع ترک حیوانات جلالی و جمالی کے ساتھ
سوا پانچ ہزار مرتبہ ہر روز بوقت شب پڑھیں۔ مکان یا حجرہ علیحدہ ہو اور عامل بھی تنہائی میں
[illegible] بے قید صرف اکتالیس دن تک ہے اکتالیس دن میں ہمزاد حاضر ہوگا اس سے قسم اور قول
و اقرار کرنے پر وہ اقرار کرے گا اور تابع حاضر ہو جائے گا اور بعد چلہ عزیمت مذکور کو ہر روز
[illegible] مرتبہ پڑھ لیا کریں اور عامل کو چاہیے کہ جو کچھ آپ کھائے وہ ہمزاد کو بھی کھانے کو دے
[illegible] اس سے ہمزاد خوش ہوتا ہے اور تکلیف نہیں دیتا اور جو آپ اسے غلط کام کرنے کو کہیں گے تو
فوراً انکار کر دے گا۔ بعض اوقات مجبور کرنے پر کام دے گا لیکن بعد میں عامل کو بہت تنگ
کرے گا۔

نوٹ: اگر آپ ہمزاد کو بہت جلد تابعدار بنانا چاہتے ہیں تو ہم سے ہمزاد کو تسخیر کرنے کی طلسمی
انگشتری قیمتی پانچ روپے ڈاک سے بھیج کر منگوا لیں اسے جیب میں رکھ کر عمل کرنے سے
ہمزاد فوراً تابعدار ہونا شروع ہو جاتا ہے کیونکہ یہ موکلات کی انگشتری ہے۔

ہمزاد کو فوراً تسخیر کرنے کا مجرب عمل

ترکیب

کسی غیر آباد میدان میں مخلوق سے الگ کھڑے ہو کر یہ عمل جتنی مرتبہ پڑھ سکیں

پڑھیں اور اپنے سایہ کے سر والے مقام پر نگلی باندھ کر دیکھتے رہیں۔ اسی طرح
تک کریں ہمزاد حاضر ہو کر مسخر ہو جائے گا۔ ایک گھنٹہ تک جس قدر پڑھ سکیں
جلد تسخیر کرنے کے خواہشمند طلسمی انگشتری منگوا کر ضرور فائدہ اٹھائیں۔ عمل
جا اور مجھے دکھلا دو ہی تڑپا دو ہمیں بتلا دو تمہاری رام کہانی۔ ایسا ہی وہ عمل
خاطر دنیا سراپا جستجو بنی ہوئی تھی۔ بزرگوں کا صدری راز المجربات صرف تین
پڑے گا معہ پرہیز جلالی و جمالی بند مکان میں پڑھیں۔ ہر سہ یوم آخری
قدموں پر گریہ وزاری کرے گا اور ہمیشہ کے لئے غلام ہو جائے گا تین یوم تک
ضروریات و خواب کے پڑھتے رہیں بند مکان میں جہاں کسی کا گزر نہ ہو
اور وزہ آب جو داخل ہونے سے پہلے ہر سہ یوم کے لئے مہیا کیا گیا ہو عمل
بزرگوں کا معمول و مجرب

سے قابو میں آئے گا تمہارا دل تمہاری جان بڑھے گا مان ہمارا کرو اب

عمل تسخیر ہمزاد

نوچندی جمعرات کو تازہ غسل یا وضو کر کے احرام باندھیں پھر الگ پاک
مکان میں جسے اگر بتی سلگا کر معطر کیا گیا ہو قبلہ رو بیٹھ کر عزیمت ذیل ایک گھنٹہ تک
پڑھیں۔ چالیس روز آخری میعاد ہے ویسے جس روز کامیابی ہو ترک کر دیں۔ تو
شروع ہو جاتا ہے پیٹھ کے پیچھے چنبیلی کے تیل کا چراغ موٹی بتی کا جلایا جائے نظر
ہے بعد کامیابی کے ہر روز ایک مرتبہ پڑھتے رہیں دوران عمل خوشبو کا استعمال
ضرورت ایک بار پڑھ کر تین بار تالی بجائیں پرہیز شرعی ممنوعات و مکروہات کے سوا کوئی
نہیں بالکل تجربہ شدہ عمل ہے۔

طلسمی انگشتری کا پاس ہونا نہایت ضروری ہے۔

جنگل میں لگا دے آگ دکھائیں بھوگ مجھے پھر آن ... سو فرما دو۔

رتن جوت تنتر

قدیم یوگیوں کے گپت تنتر

جن کی بدولت بڑی بڑی جسیم بے جان چیزوں اور جاندار چیزوں کو متحرک کرنا
دوسروں کے دلوں کی پوشیدہ بات جاننا، گم شدہ اشیاء و اشخاص کا پتہ لگا لینا۔ نیز سخت اور
مہلک امراض کو آناً فاناً دور کر دینا آپ کے لئے کچھ مشکل نہ ہوگا۔ جو باتیں تحریر میں نہیں
آسکتیں جن کو اپنے سینہ میں لے کر کتنی باکمال نفوس موت کے پردے میں ہمیشہ کے لئے
روپوش ہو گئے ان باتوں کو آج پہلی مرتبہ عوام میں پیش کر رہا ہوں۔

پہلا سبق

اپنی مرضی کیمطابق غیر ذی روح چیزونکو حرکت دینا

مشق:

ایک ناریل لے کر اس کو سیمنٹ کے فرش یا سنگ مرمر کی سل پر رکھے۔ اپنے کسی
معمول سے کہیے کہ اس پر چڑھ کر بیٹھو مگر اس طرح کے پاؤں ناریل پر رہیں نشست میں
ریڑھ کی ہڈی سیدھی رہے دونوں ہاتھوں کی انگلیوں کو بڑھا کر زمین کا سہارا دیتے ہوئے
جسم کو اوپر رکھو کسی طرف زیادہ جھکنے نہ پائے اب اس کی آنکھوں کے مرکز پر اپنی
مقناطیسی نظر ڈالیے اور حسب ذیل تجویز پر یکسوئی خیالات کیجئے پوری توجہ کے ساتھ یہ
الفاظ زبان سے نکالیے۔

جب تک میں 15 عدد تک گنوں گا۔ ناریل خود بخود دائیں جانب چلنے لگے گا۔
